جلد نمبر ۳

تفسیر

انوار النجف فی اسرار المصحف

علامہ حسین بخش جاڑا

مکتبہ انوار النجف دریاخان ضلع بھکر

إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا

جب عرض کی زوجہ عمران نے اے رب! میں نے نذر کی ہے تیرے لئے وہ جو میرے شکم میں ہے کہ (وہ عبادت کیلئے)

فَتَقَبَّلْ مِنِّي ۖ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ

آزاد ہوگا۔ پس تو قبول فرما میری نذر کو تحقیق تو سننے جاننے والا ہے — پس جب اس کو جنا تو عرض کی اے رب! میں نے

إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنْثَىٰ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَىٰ ۖ

لڑکی جنی ہے — اور خدا بہتر جانتا ہے کہ کیا جنا ہے — اور نہیں لڑکا مثل لڑکی کے

وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا

اور میں نے اس کا نام مریم رکھا اور میں تیری پناہ میں دیتی ہوں اس کو اور اس کی اولاد کو

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ﴿٣٦﴾

شیطان رجیم (کے شر) سے

حضرت مریمؑ کی پیدائش و تربیت

اِمْرَأَۃُ عِمْرَانَ۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ عمران بن ہاشم حضرت سلیمان بن داؤد کی اولاد سے تھے اور بعض کہتے ہیں یہ عمران بن ماثان تھے۔ جو یہود بن یعقوب کی ستائیسویں پشت میں تھے اور عمران بن یصہر جو حضرت موسیٰ کے والد تھے ان کے اور ان کے درمیان اٹھارہ سو سال کا فاصلہ تھا اور ماثان کی اولاد اس زمانہ میں بنی اسرائیل کی سردار تھی فاقود بن قبیل کی دو لڑکیاں تھیں ایک کا نام حنّہ تھا جو عمران کی زوجہ اور مریم کی والدہ تھیں اور دوسری کا ایشاع تھا جو حضرت زکریا کی زوجیّت میں تھیں یعنی حضرت مریم اور حضرت یحییٰ ایک دوسرے کے خالہ زاد تھے۔ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ الخ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ عمران کو خدا نے وحی کی تھی کہ میں تجھے ایک مبارک فرزند عطا کروں گا جو مادر زاد نابینا اور مبروص کو شفایاب کرے گا اور میرے اذن سے مردوں کو زندہ کرے گا اور میں اس کو بنی اسرائیل کا نبی بناؤں گا تو عمران نے اپنی زوجہ حنّہ سے یہ بات بیان کی۔ پس جب اس کو حمل ہوا تو نذر مان لی کہ اے اللہ یہ بچہ جو میرے پیٹ میں ہے اس کو خدمتِ مسجد اور عبادت کیلئے اپنی طرف سے آزاد کروں گی (بروایت بحار الانوار) ابو بصیر سے مروی ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے دریافت کیا کہ کیا عمران نبی تھا؟ تو آپ نے فرمایا۔ ہاں وہ اپنی قوم میں نبی و مرسل تھا (المیزان)